www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ربیع الاول والآخر ۱۳۹۶ھ

حرفِ اوّل

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ! "محدث" کا حالیہ شمارہ ہم حسبِ اعلان "رسولِ مقبولؐ نمبر" کی صورت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔ اس خاص نمبر کے اعلیٰ معیار سے متعلق کسی قسم کا دعویٰ تو جرأت ہو گی کیونکہ اس کا موضوع ہی سید المرسلین، امام المتقین محمد مصطفےٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی بحیثیتِ رسول ہے۔ تاہم یہ چند حروف بطور اظہارِ تشکر و امتنان تحدیثِ نعمت کی غرض سے عرض خدمت ہیں۔

تقریباً دو ماہ قبل ادارہ نے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اپنی عقیدت کے اظہار اور جذبۂ اتباعِ سنت کے احیاء کی غرض سے اپنی خصوصی اشاعت پیش کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ لیکن مدت کی قلت کا لحاظ رکھتے ہوئے اس منصوبہ کو بہت زیادہ وسعت دینے سے احتراز کیا ــــ نیز جن اہلِ علم و قلم حضرات سے اس سلسلہ میں رابطہ پیدا کیا گیا ان کے متعلق بھی خیال تھا کہ شاید گرمی کی شدت اور وقت کی قلت کے سبب ان سب کے مضامین ہمیں حاصل نہ ہو سکیں، اور جو ہوں وہ بھی ضخامت کے لحاظ سے مختصر ہوں۔ لیکن "رسولِ مقبولؐ" کے موضوعِ خاص سے وابستگی کے سبب سے ہمارے مہربانوں نے نہ صرف ہم سے خصوصی تعاون فرمایا بلکہ "محدث" کے دامن کو اپنے گلہائے رنگا رنگ سے اس طرح لالہ زار بنا دیا کہ چشمِ طلب دیدۂ حیراں بن کر رہ گئی اور تنگیٔ داماں کا احساس ہونے لگا ــــ اور اس طرح محدث کا یہ خاص نمبر ہمارے اعلان سے تقریباً دوگنا ضخیم نظر آیا۔ لہٰذا اب ہمارے لیے یہ مشکل پیدا ہو گئی کہ ہم اپنے مخلص معاونین کی تمام نگارشات کو "خاص نمبر" میں کس طرح پیش کریں جب کہ کاغذ وغیرہ کی گرانی نے پہلے ہی سرگرانی میں مبتلا کر رکھا ہو۔ اس کی ایک صورت تو یہ تھی کہ مضامین کا انتخاب کر لیا جاتا لیکن یہ اس لیے ہم نے مناسب نہیں سمجھا کہ ہماری فرمائش پر جس طرح ہمارے محترم اہلِ علم حضرات نے صاد کیا، اس کے بعد ہم اپنی طرف سے کسی معذرت کی گنجائش نہ پاتے تھے، خصوصاً جب کہ ہر مضمون ع

کرشمہ دامنِ دل می کشد کہ جا ایں جاست۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ